Text of Mid-day Urdu News Bulletin

Time 12:30 PM

Dated: 20 July 2026

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے -

خبروں کا بلیٹن لیکر میناعجازا اختر

مون سون اجلاس

پارلیمنٹ کا مون سون اجلاس آج سے شروع ہورہاہے۔ 13اگست تک جاری رہنے والے اس اجلاس ہوں گی اور اس دوران کئی اہم قوانین بحث اور منظوری کیلئے پیش کئے sittings میں کُل 19 جائیں گے۔وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ چاہے مون سون ہو یا پارلیمنٹ کا مون سون اجلاس ہو، اگر دونوں فعال ہوں گے تو یہ ملک کیلئے کافی فائدہ بخش ثابت ہوسکتے ہیں۔ پارلیمنٹ کے مون سون اجلاس سے پہلے میڈیا کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا کہ جب یہ دونوں کارگر ہوں گے تو اس سے قوم کی ترقی کے ساتھ ساتھ لوگوں کی فلاح وبہبود بھی ممکن ہوتی ہے۔ انہوں نے پارلیمنٹ کے رواں سیشن کو فائدہ مند بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔

ایل جی مندر

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کل سرینگر میں تاریخی وژارناگ مندر کا دورہ کیا۔ انہوں نے استھاپن پر حاضری دیکر لوگوں کی فلاح وبہبود اور خوشحالی کیلئے دعا کی۔انہوں نے وہاں شردھالووں کے ساتھ بات کی اور تجدیدی کام کے بارے میں تفصیلی جانکاری حاصل کی۔ انہوں نے کہا کہ یہ مندر سینکڑوں برسوں تک بھارت کے روحانی اور فلسفیانہ سفر کا حصہ رہاہے۔انہوں نے وژار ناگ کو بحال کرنے کے عمل کو جموں وکشمیر کے گوناگوں ثقافتی ورثے کیلئے ایک اہم قدم قرار دیا۔

ایل جی وزیراعلیٰ

لیفٹیننٹ گور نر منوج سنہا اور وزیراعلیٰ عمرعبداللہ ذاتی طور پر موسمی صورتحال پر نظر رکھے ہوئے ہیں۔ انہوں نے انتظامیہ کو ہدایت دی ہے کہ وہ متحرک رہیں اور کسی بھی

ایمرجنسی سے نمٹنے کیلئے فعال لائحہ عمل اختیار کریں۔انہوں نے کہا کہ لوگوں کی راحت رسانی کیلئے ہرممکن اقدامات کئے جانے چاہیں۔

دریں اثناءناسازگار موسمی حالات کے بیچ مرکزی وزیرداخلہ امت شاہ نے یوٹی کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا وزیراعلیٰ عمرعبداللہ کے ساتھ بات کرتے ہوئے راجوری اور پونچھ میں بارشوں کے بعد پیداشدہ صورتحال کا جائزہ لیا۔انہوں نے متاثرہ افراد کی ہرممکن مدد اور مرکزی سرکار کی جانب سے مکمل تعاون کی یقین دہائی کرائی۔

موسم

جموں وکشمیر کے مختلف علاقوں میں درمیانہ درجے سے لیکر بھاری بارشوں کا سلسلہ جاری ہے۔ مختلف اضلاع میں موجود ہمارے نمائندوں نے خبر دی ہے کہ میدانی علاقونمیں ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارشیں ہوئیں جبکہ بالائی علاقوں میں وقفے وقفے سے بارشیں ہورہی ہیں۔

موسلادھار بارشوں کی وجہ سے شہر سرینگر کے کئی گلی کوچوں اور سڑکوں پر پانی جمع ہوگیاہے اور پیدل چلنے والوں کے ساتھ ساتھ گاڑیوں کی آواجائی میں بھی مشکلات پیش آرہی ہیں۔ شہر کے کئی پائین علاقوں میں بارشوں کا پانی دوکانوں اور رہائشی کالونیوں میں گھس گیا ہے اور عوامی حلقوں میں نکاسی آب کو یقینی بنانے کیلئے فوری اقدامات کرنے کا مطالبہ کیا ہےہمارے نمائندوں نے خبر دی ہے کہ
دریاو

---

ں اور ندی نالوں میں پانی کی سطح میں اضافہ ہوا ہے۔انتظامیہ ناسازگار موسم کے چلتے لوگوں ؑ کی راحت رسانی کیلئے پیش پیش ہے اور لوگوں سے کہا گیا ہے کہ وہ خطرات والے علاقوں میں جانے سے گریز کریں اور ضرورت پڑنے پر متعلقہ ضلعوں میں قائم کئے گئے کنٹرول رومز کے ساتھ رابطہ قائم کریں۔

یاترا معطل

ناسازگار موسم کے پیش نظر سالانہ شری امرناتھ جی یاترا کو آج دوسرے دن بھی معطل رکھا گیا۔انتظامیہ نے یاتریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ موسم میں بہتری آنے تک یاترا کیمپوں میں ہی قیام کریں۔آج بھی کسی بھی یاتری کو جموں سے وادی کی طرف روانہ نہیں کیا گیا۔

ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ حکام موسمی صورتحال پر نظررکھے ہوئے ہیں اور یاترا کی بحالی کا فیصلہ موسم میں بہتری آنے کے بعد ہی لیا جائے گا۔

ڈاکٹر مختار

دریں اثناءابھرتی ہوئی موسمی صورتحال کے تعلق سے سرینگر میں محکمہ موسمیات کے ڈائریکٹر ڈاکٹر مختار احمد نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

........Byte........

IMD

بھارتی محکمہ موسمیات نے اگلے دو روز کے دوران ہماچل پردیش، اتراکھنڈ اور جموں وکشمیر میں شدید سے شدید تر بارشیں ہونے کی پیشنگوئی کرتے ہوئے ریڈکلر وارننگ جاری کی ہے۔
IMD کے مطابق دلی ، پنجاب، ہریانہ، چندی گڑھ، بہار ، اترپردیش،آسام ، میگھالیہ ، مغربی بنگال اور سکم میں بھی شدید بارشیں ہوسکتی ہیں۔

انتقال

وادی کے ایک معروف ریڈیو اور ٹیلی ویژن اداکار سجاد خان انتقال کرگئے ہیں۔ انہوننے ریڈیو اور دوردرشن کے کئی ڈراموں میں اپنی فنکاری کے جوہر دکھائے ہیں۔کئی ادبی، سماجی شخصیات اور انجمنوں نے اُن کے انتقال پر دکھ اور صدمے کا اظہار کیا ہے۔دوردرشن سرینگر کے سابق ڈی ڈی جی ڈاکٹر رفیق مسعودی نے سجاد خان کی وفات کواداکاری کے شعبے کیلئے ایک بڑا نقصان قرار دیتے ہوئے سوگوار کنبے کے ساتھ تعزیت کی ہے۔معروف ادیب اور صحافی شکیل آزاد نے بھی مرحوم کے انتقال پر دکھ اور تعزیت کا اظہار کیا ہے۔

وزیراعظم مبارکباد

وزیراعظم نریندر مودی نے 58ویں انٹرنیشنل کیمسٹری اولمپیاڑ میں طلائی کے چار میڈل جیتنے پر بھارت کو مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ عالمی سطح کے اس اہم مقابلے میں بھارتی ٹیم کی یہ اب تک کی سب سے بہترین کارکردگی ہے۔

انہوں نے کہا کہ بھارتی ٹیم کی اس بے مثال کارکردگی اور سائنس میں اس کی دلچسپی نے پوری قوم کا سَر فخر سے اونچا کردیا ہے۔